(ii) کیا عدد 10 میں سے عدد 15 تفریق کر سکتے ہیں؟ وجہ بتایئے۔

(iii) ایک گیند سے وزنی شئے اور ایک ہلکی شئے بتایئے۔

(iv) آپ کے پاس 12 گولیاں ہیں۔ ان میں سے 4 گولیاں آپ نے اپنے بھائی کو دے دئے تو باقی گولیوں کی تعداد کتنی ہوگی؟



(v) کون صحیح ہے؟

پراجکٹ

8۔ حاصل جواب 8 کے لئے کوئی پانچ تفریقی حسابات لکھئے۔

	-		=	8
	-		=	8
	-		=	8
	-		=	8
	-		=	8

9۔ جواب کے مطابق رنگ بھریئے۔



جوابات 14 4 5 11

تدریسی سفر

20 تک کے اعداد کی تفریق
کے لئے جواب حاصل کرنا۔

20 تک کے اعداد کی جمع
کے لئے جواب حاصل کرنا۔

اشیاء کے وزن کا
موازنہ کرنا

اشیاء کا سایہ پہچاننا
اور سایہ سے اشیاء بنانا

20 تک کے اعداد کو
پڑھنا، لکھنا اور موازنہ کرنا



پہلی جماعت

STANDARD ONE

TERM – II II - میعاد

ماحولیاتی سائنس

ENVIRONMENTAL SCIENCE

پیش لفظ

ماحولیاتی سائنس کی یہ نصابی کتاب تامل ناڈو اسٹیٹ ایجوکیشن پالیسی (TNSEP) 2025 کے مطابق تیار کی گئی ہے۔
اس کا مقصد بچوں کو مرکوز کر کے عملی اور سوالات پر مبنی تعلیم فراہم کرنا ہے۔

سائنسی سوچ پیدا کرنے والے اہم حصے



سرگرمی کا وقت

مل جل کر کھیلنے، کردار ادا کرنے (Role play) اور باہر کی دنیا کو سمجھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔



کر کے دیکھیں

بچوں کو اندازہ لگانے، مشاہدہ کرنے اور نتائج نکالنے کی ترغیب دیتا ہے۔



کر کے سیکھیں

عملی سرگرمیوں کے ذریعے بچوں میں تخلیقی صلاحیت اور مسائل حل کرنے کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔



مشاہدہ کریں اور بات چیت کریں

تصاویر اور روزمرہ کے حالات کے ذریعے مشاہدہ کرنے، سوال پوچھنے اور موازنہ کرنے کی صلاحیت بڑھاتا ہے۔

پہلی جماعت کے دوسری میعاد کی ماحولیات کی کتاب دو اکائیوں پر مشتمل ہے۔

اکائی 1
ہمارے سبز دوست



- بچے ان جگہوں کی شناخت کرتے ہیں، جہاں پودے اگتے ہیں۔
- پودوں کے حصوں اور ان کے افعال کا مشاہدہ کرتے ہیں۔
- پودوں کے غذائی حصوں کا مشاہدہ کرتے ہیں۔
- اس کے ساتھ ساتھ پودوں کی دیکھ بھال
- ان کی ذمہ داری کا احساس پیدا کرتے ہیں۔

اکائی 2
جینی کا باغ



- مشاہدہ کردہ خصوصیات کی بنیاد پر ترکاریوں اور پھلوں کی درجہ بندی کرنا۔
- موسمی پھلوں کی شناخت کرنا۔
- ترکاریوں کو کچا یا پکا کر کھانا، اس کی شناخت کرنا۔
- اچھی اور صاف ستھری عادتوں کے بارے
- میں جانکاری حاصل کر کے اس پر عمل کرنا۔
- صحت مند غذاؤں کا انتخاب کرنا۔

جائزہ اور ترقی میں تعاون

میں کر سکتا ہوں



زبانی اور تحریری کاموں، پراجکٹوں اور حقیقی زندگی کی سرگرمیوں کے ذریعہ سیکھنے کے مواقع فراہم کرتا ہے، خود اعتمادی اور سیکھنے کے لئے آزادانہ ماحول فراہم کرتا ہے۔

میں نے جو سیکھا



طلباء میں سیکھنے کے اہم تصورات کو یاد دلانے اور ان پر غور کرنے میں تعاون کرتا ہے اور سیکھنے پر نظر ثانی اور ترقی کی مدد کرتا ہے۔

سیکھنے کی جانچ



سادہ ترین مشاہدوں کے ذریعہ سرگرمیوں پر مبنی سوالات کے ذریعہ طلباء کی سمجھ کی جانچ کرنا اور تعلیمی ترقی میں ایسے علاقوں کی جانچ کرنا جہاں اس کے مدد کی ضرورت ہے

یہ درسی کتاب کلاس روم کو کچھ نیا کھوجنے اور دریافت کرنے کی جگہ لیتی ہے۔ یہ بچوں میں سائنسی سوچ، صحت مند عادتیں، ماحول کی حفاظت کا احساس اور ضروری بنیادی صلاحیتیں پیدا کرتے ہوئے تعلیم کو ان کے روزمرہ زندگی سے جوڑنے میں مدد کرتی ہے۔

فہرست مضامین

اکائی 1

ہمارے سبز دوست

69



اکائی 2

جینی کا باغ

92



TX5SJ

e-book

KJ6OQ

Inclusive book

SN5VY

THB

TG2CJ

Assesment

1 ہمارے سبز دوست

ہر جگہ پودے ہی پودے!

مشاہدہ کیجیے اور بات چیت کیجیے

پودوں کو ہم کہاں کہاں دیکھ سکتے ہیں؟

سلیم اور سلمیٰ اپنے گھر کے سامنے کھیل رہے ہیں۔ اچانک کٹّی (بلی) چھلانگ لگا کر بھاگ جاتی ہے! وہ اسے ڈھونڈنے نکلتے ہیں۔

XT3JN

واہ! میری کٹّی کہاں ہے؟

سڑک کے کنارے پودے،

کتنا خوبصورت منظر ہے!



تالاب میں پودے،

پانی پر تیرتے ہوئے!



کھیتوں میں پودے،

روز بروز بڑھتے ہوئے!



باغ میں پودے،



وہ دیکھو، وہاں کوئی ہے..... میاؤں!

یہ ہماری کٹّی ہے!



پودے ہمارے اردگرد مختلف جگہوں پر اُگتے ہیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

طلباء کو مختلف تصویروں کا مشاہدہ کرنے کو کہیں اور بات چیت کریں کہ وہ روزمرہ زندگی میں پودوں کو کہاں دیکھتے ہیں۔

1۔ اپنے استاد کے ساتھ اسکول کے اطراف گھومیں اور ان جگہوں پر نشان (✓) لگائیں، جہاں آپ نے پودے دیکھے۔



کھیل کے میدان کے اطراف



باڑھ کے اطراف



گیٹ کے قریب



باغ میں



سڑک کے کنارے



گملوں میں



کلاس روم میں



بعض پودے پانی میں اگتے ہیں اور بعض زمین پر۔

کر کے سیکھئے

1۔ ہر ایک پودے کے نیچے رنگ بھریئے۔ پانی میں اگنے والے پودوں میں ● اور زمین میں اگنے والے پودوں میں ● بھریئے۔



2۔ زمین میں اگنے والے پودے میں رنگ بھریئے۔





مشاہدہ کیجئے اور بات چیت کیجئے

دو منی پلانٹ (Money plant) لیں۔ ایک کو مٹی کے گملے میں رکھیں اور دوسرے کو پانی بھرے ایک شفاف گلاس میں رکھیں۔ انہیں دو ہفتوں تک یوں ہی رکھ چھوڑیں۔

a۔ ان میں سے کونسا پودا دو ہفتوں تک اچھی طرح اُگے گا؟ اپنے اندازہ پر (✓) لگایئے۔

○ پودا A ○ پودا B

b۔ دو ہفتوں تک مشاہدہ کیجئے اور اب (✓) لگایئے کہ کونسا پودا اچھی طرح اُگا ہے ؟

○ پودا A ○ پودا B

کیا تمہارا اندازہ صحیح تھا؟





پودا A



پودا B

بعض پودے پانی اور زمین دونوں میں اچھی طرح اُگتے ہیں۔

پودے اور ان کے حصے

پودے کا ہر حصہ اسے زندہ رہنے اور بڑھنے میں کیسے مدد کرتا ہے؟

مشاہدہ کیجیے اور بات چیت کیجیے



سلیم، سلمیٰ اور کِٹّی اپنی دادی ماں کے گھر جاتے ہیں۔ کِٹّی نے اپنے پیروں سے ایک پودے کو اس کی جڑوں کے ساتھ کھینچ نکالا۔ بچوں نے چلایا۔







ہدایات برائے اساتذہ

ہر گروپ کے پاس ایک چھوٹا پودا دیں (اگر ملے تو)۔ مختلف طلباء کے ساتھ پودے کے ناموں کو یاد دلائیں۔ طلباء پودے کے مختلف حصوں کا مشاہدہ کریں، ان کے ناموں اور کاموں کو جانیں گے۔

1۔ پودے کا آدھا حصہ غائب ہے۔ اسے چھڑا کر رنگ بھریئے۔



2۔ پودے کے بعض حصے بے رنگ ہیں۔ ان میں رنگ بھریئے اور ان کے نام لکھئے۔

پتے ، تنا ، پھول، پھل، جڑیں











3۔ گنّے کے پودے کو چھڑائیے۔



تنا



کیا تم جانتے ہو؟

گنّے کو میٹھی گھاس بھی کہا جاتا ہے۔

یہ اس کے سفید پھول ہیں۔



4۔ پودے کو اس کے پھول اور پھل سے جوڑیئے۔ تصویروں میں رنگ بھریئے۔

























پودوں کی کئی قسمیں ہیں

مشاہدہ کیجئے اور بات چیت کیجئے







مشاہدہ کیجئے اور صحیح جواب پر (✓) نشان لگائیے۔

1۔ اس میں سب سے بڑا درخت کونسا ہے؟ ◯ پودینہ ◯ چنبیلی ◯ آم

2۔ اس میں کونسے پودے کا تنا موٹا ہے؟ ◯ آم ◯ چنبیلی ◯ پودینہ

3۔ اس میں چھوٹا پودا کونسا ہے؟ ◯ آم ◯ پودینہ ◯ چنبیلی

4۔ پودینہ کے پتّے ◯ نرم ہیں ◯ سخت ہیں۔ ◯ کھردرے ہیں



سرگرمی کا وقت

کیا تمام پودے ایک جیسے ہیں؟



اوپر کی تصویر کا مشاہدہ کیجئے اور درست عدد لکھئے۔

چھوٹے پودے ____ اوسط پودے ____ بڑے پودے ____

موٹا تنا ____ باریک تنا ____

ہدایات برائے اساتذہ

بچوں کو اسکول کے اطراف ایک چہل قدمی کرائیں۔ انہیں پودوں کی اونچائی کا موازنہ کرنے کو کہیں۔ ان کے تنوں کا مشاہدہ (نرم/سخت، موٹا/باریک) کرنے کو کہیں اور پتوں کو نئے، پرانے، سوکھے اور گرے ہوئے کی شناخت کرنے کو کہیں۔ انہیں ان کا موازنہ کرنے اور ان کے مشاہدات سے متعلق تبادلہ خیال کریں۔

کر کے سیکھئے

پیمائش کر کے موازنہ کیجئے۔

1۔ طلباء کو گروہوں میں تقسیم کیجئے۔ ہر گروپ کو ایک ہرا پتا دیں۔ مٹانی (ربڑ) کی مدد سے ان کی پیمائش کرنے کو کہیں۔



مشاہدہ	مٹانی کی لمبائی
جڑوں کی لمبائی	
تنے کی لمبائی	
پتوں کی لمبائی	

تنے میں موجود پتوں کی تعداد _____

میرے پودے میں..... (✓) نشان لگائیے۔

1۔ سب سے لمبی جڑ ◯

2۔ سب سے لمبا تنا ◯

3۔ سب سے بڑا پتّا ◯

تبادلہ خیال کیجئے : اپنے دوست کے پاس موجود پتوں کی لمبائی کا مٹانی کی مدد سے موازنہ کیجئے۔ کیا یہ تمام پتوں کے لئے یکساں ہے؟

تمام پودوں میں پتے، تنے اور جڑ پائے جاتے ہیں، مگر ان کی شکل، رنگ اور جسامت مختلف ہوتے ہیں۔

پودوں میں پتوں اور پھولوں تک پانی کیسے پہنچتا ہے ؟

2۔ آیئے معلوم کریں!

درکار اشیاء : شفاف گلاس یا کپ، پانی۔ ہر طالب علم کے لئے ایک شفاف اسٹرا



پینے کے پانی سے بھرا ہوا ایک شفاف گلاس لیں۔



پانی کے اندر ایک شفاف اسٹرا رکھئے۔



اسٹرا کے ذریعہ پانی کو چوسئے۔

a۔ کیا تم اسٹرا کے اندر پانی کو دیکھتے ہو ؟ ہاں/نہیں۔

b۔ ایک پودے کے تنے اور ایک اسٹرا میں کیا مشابہت پائی جاتی ہے ؟ موازنہ کیجئے اور تبادلہ خیال کیجئے۔

پانی، تنے کے ذریعہ پتوں اور پھولوں تک پہنچتا ہے۔



ہر طالب کے پاس الگ الگ ایک شفاف اسٹرا دیں۔ طلباء کو اسٹرا میں پانی کے چڑھنے کا مشاہدہ کرنے کو کہیں اور اس سے تنے میں پانی کے اوپر چڑھنے کا تعلق بتائیں۔



مشاہدہ کیجئے اور بات چیت کیجئے

آپ پودوں کی شناخت کیسے کریں گے ؟

3a۔ یہ کونسے پودے ہیں؟ ان کے نام بتایئے۔ (مرچ / ٹماٹر)





پودوں کو ان کے حصوں کے ذریعہ پہچانا جا سکتا ہے۔

3b۔ آپ کو پودوں کی سب سے پہلے شناخت کرنے میں کس حصے نے مدد کی؟ نشان (✓) لگایئے۔

○ پھل	○ پتے	○ تنا	○ پھول

3c۔ ٹماٹر اور مرچ کی تصویر چھڑایئے۔

مرچ	ٹماٹر

بات چیت کریں : کیا تمام پھل ایک ہی جسامت اور رنگ کے ہوتے ہیں؟



اگر دستیاب ہوں تو بچوں کو ٹماٹر اور مرچ کے اصلی پودے دکھائیں۔ ان سے کہیں کہ وہ مشاہدہ کریں، موازنہ کریں اور بتائیں کہ وہ پودوں کی شناخت کیسے کریں گے۔

پودے بطور غذا

مشاہدہ کیجئے اور بات چیت کیجئے

کیا ہم پودے کے مختلف حصوں کو استعمال کر کے کھانا بنا سکتے ہیں؟



زمین کے اوپر					زمین کے نیچے	
						
ٹماٹر	پھول گوبھی	کیلے کا پھول	بند گوبھی	کریپاک	آلو	گاجر

بعض ترکاریاں زمین کے نیچے اگتی ہیں اور بعض زمین کے اوپر اگتی ہیں۔

کر کے سیکھئے

1۔ ایک ایسی ترکاری کی تصویر بنایئے جو زمین کے نیچے اگتی ہے اور ایک ترکاری کی جو زمین کے اوپر اگتی ہے۔ اس کا نام لکھئے۔

زمین کے نیچے	زمین کے اوپر

اپنی کھانے کی تھالی کا مشاہدہ کیجئے۔ کتنی غذائیں پودوں سے حاصل ہوتی ہیں؟

2۔ ان پتوں اور پھولوں کو تلاش کر کے رنگ بھریئے، جو ہمارے کھانے میں استعمال ہوتے ہیں۔



کیلے کا پھول | ٹماٹر | پھول گوبھی | پودینہ

3۔ مختلف پر (✓) نشان لگایئے۔ اپنے انتخاب پر اپنے دوست کے ساتھ بات چیت کیجئے۔

a)



b)



c)



4۔ پراجکٹ

ان ترکاریوں کو یاد کیجئے، جن کو آپ نے گزشتہ 3-4 دنوں میں کھایا ہے۔

گھر کے کسی بڑے فرد کی مدد سے ان کے نام لکھئے۔

زمین کے نیچے اگنے والی ترکاریاں : _____

زمین کے اوپر اگنے والی ترکاریاں : _____

پتے : _____ پھول : _____

مشاہدہ کیجئے اور بات چیت کیجئے

پودوں کی دیکھ بھال

پودوں کو صحت مند رہنے کے لئے کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے؟



اپنے اطراف واکناف کے پودوں کی دیکھ بھال کیجئے۔

کر کے سیکھئے

1۔ ان کاموں پر نشان (✓) لگائیے، جو آپ پودے کی دیکھ بھال کرنے کے لئے کریں گے۔


پھول توڑیں گے


پودے کے اطراف پیر سے دبائیں گے


پودے کو پانی دیں گے


اطراف کا کچرا پھینکیں گے


شاخوں کو توڑیں گے


پودے کے اطراف باڑھ لگائیں گے

2۔ نقطہ دار لکیروں کو ملائیے اور رنگ بھریئے۔



3۔ ایک کاغذ کے اوپر درخت کی چھال اور پتے کا نقش اتاریئے۔







عظیم وکٹوریہ واٹر للّی کے پتے
دنیا کے سب سے بڑے اور
مضبوط ترین پتے ہیں۔



4۔ ایک کاغذ پر اپنے پسندیدہ پودے کی تصویر بنا کر، رنگ بھریئے اور اس کے حصوں کے نام لکھئے۔

پھول

CY3LA

پھول ہمیں خوشی کا احساس کیوں دلاتے ہیں؟

سرگرمی کا وقت

1۔ پھولوں کا گلدستہ بنائیں۔

سلمٰی نے ایک چھوٹا سا پھولوں کا گلدستہ بنایا اور اپنی دادی کو دیا۔



اب آپ اپنے اردگرد کے پھولوں اور پتوں کا استعمال کرتے ہوئے ایک گلدستہ بنائیے اور اپنے دوستوں کو تحفہ میں دیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

آپ کے پاس موجود پھولوں سے گلدستہ بنانے کے لئے طلباء کی مدد کریں۔

2۔ آیئے پھولوں کو سونگھ کر ان کے ناموں کا اندازہ لگائیں!





پھول ہماری دنیا کو رنگین اور خوشبودار بناتے ہیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

تازہ، مقامی طور پر دستیاب خوشبودار پھول جمع کیجئے اور انہیں ایک تھیلی میں رکھئے۔ ہر بچے کو ان پھولوں کو سونگھنے کا موقع دے کر پھولوں کے نام بتانے کو کہئے۔

3۔ اپنی کلاس میں پھولوں کی رنگولی بنائیے۔

1 دیکھئے

پھولوں کو دیکھئے۔



2 گروہ بندی کیجئے۔

ایک جیسے پھولوں کو ایک ساتھ رکھئے۔



3 فیصلہ کیجئے۔

طے کریں کہ ہر پھول کو



4 بنائیے۔

مل کر ایک خوبصورت پھولوں کی رنگولی بنائیے۔



5 دکھائیے۔

اسے دوسروں کو دکھائیے اور اس کے بارے میں تبادلہ خیال کیجئے۔



4۔ پنکھڑیوں کی تعداد گن کر لکھئے۔



a۔ کیا تمام پھولوں کے پنکھڑیوں کی تعداد ایک جیسی ہوتی ہے؟ ہاں ☐ نہیں ☐

b۔ اپنے جوابات کا موازنہ اپنے دوست سے کریں۔

مختلف پھولوں کی پنکھڑیوں کی تعداد مختلف ہوتی ہے۔

ہدایات برائے اساتذہ

کلاس روم میں مختلف پھول لائیں۔ ہر بچے سے کہیں کہ وہ پنکھڑیاں گنے اور دوستوں کے ساتھ موازنہ کرے۔

مشاہدہ کیجئے اور بات چیت کیجئے

کیا تمام پھول ایک جیسے ہوتے ہیں؟


سنہری چنپک


مرجانی چنبیلی


گلاب


گیندا


چنبیلی

یہ پھول خوشبودار ہیں۔



آیئے گیت گائیں

ننھی ننھی چھوٹی چڑیا — اڑ کر جا کر گیت یہ گانا
پھول ہیں جتنے یہاں پر — ان میں سے کونسا پھول لانا


جنگلی جرانیم


گلوب امرانتھ (واڈا ملی)


کنکامرم


سداسہاگن (نتیا کلیانی)


تتلی نما (سنگوپو)

پھولوں کے مختلف رنگ ہوتے ہیں۔ کچھ کی بھینی بھینی خوشبو ہوتی ہے۔ کچھ گچھوں میں اگتے ہیں اور کچھ الگ الگ۔

ہدایات برائے اساتذہ

کلاس میں جتنے قسم کے پھول لا سکتے ہیں لائیں۔ پھولوں کے نام بدل کر بچوں کو گیت مکمل کرنے میں مدد کریں۔

MF9ZJ

کر کے سیکھئے

1۔ صحیح پھول پر (✓) نشان لگایئے۔








a۔ گچھے میں اگنے والا ایک پھول

b۔ کوئی دو خوشبودار پھول

c۔ آپ کا پسندیدہ پھول _____

ہم اپنی روزمرہ کی زندگی میں پھول کہاں کہاں استعمال کرتے ہیں؟

2۔ جہاں بھی آپ نے جن پھولوں کو استعمال ہوتے دیکھا ہے، وہاں ایک 🙂 بنائیے۔

پھول کہاں استعمال ہوتے ہیں	1 	2 	3 	4 	5 	6 
 بالوں کو سنوارنے کے لئے						
 ہار میں						
 رنگولی میں						
 سجانے کے لئے						
تعداد						

a۔ کونسے پھول کے لئے زیادہ 🙂 ملے ہیں؟ اور کونسے پھول کے لئے کم 🙂 ملے ہیں؟

b۔ اپنے گھر والے ان پھولوں میں سے کونسے پھول کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔

ہم پھولوں کو گھروں میں سجانے کے لئے، بالوں میں لگانے کے لئے اور شادی اور دیگر تقریبات میں استعمال کرتے ہیں۔

3۔ آپ پھولوں کو کیوں پسند کرتے ہیں؟ اپنے جواب پر (✓) نشان لگائیے اور اپنے دوستوں کو بتائیے۔



پھول باغ کو خوبصورت بناتے ہیں۔ ☐



پھول ہمیں خوشی دیتے ہیں۔ ☐



پھولوں کو تتلیاں پسند کرتی ہیں۔ ☐



پھول کی خوشبو اچھی ہوتی ہے۔ ☐



پھول رنگ برنگے ہوتے ہیں۔ ☐

4۔ پھول کے برتن کو پنسل کے تراشیدہ چھلکوں سے سجائیے۔







5۔ ایک چھوٹا گھر چھڑائیے جس کے قریب ایک تالاب ہو۔ گھر کے اطراف اور تالاب میں اپنے پسندیدہ پودے اور پھول لگائیے۔





سیکھنے کی جانچ

1۔ لکیروں کے ذریعہ پودے اوراس کے اُگنے کے مقام کو جوڑیئے۔

کھیت



باغ



تالاب



2۔ ایک گملے میں لگانے کے لئے مناسب پودے پر (✓) نشان لگایئے۔







3۔ ان میں سے کونسا خوشبودار پھول ہے؟ (✓) نشان لگایئے۔







4۔ زبانی سوال

a۔ اگر تنے کے ذریعے پانی داخل نہ ہوگا تو پتوں کا کیا ہوگا؟

b۔ میرے دوست نے سوکھی ریت میں کنول کا پودا لگا۔ کیا وہ اُگے گا؟ کیوں؟



میں نے جو سیکھا

- میں پودوں کے اُگنے کی جگہ کی شناخت کرسکتا ہوں۔ ☆
- میں پودوں کے حصوں کے نام بتا سکتا ہوں۔ ☆
- مجھے پودوں کے کھائے جانے والے حصے معلوم ہیں۔ ☆
- میں عام پھولوں کی شناخت اوران کے استعمال بتا سکتا ہوں۔ ☆
- میں پودوں کی دیکھ بھال کرتا ہوں۔ ☆

میں کرسکتا ہوں

1۔ زمین کے نیچے اُگنے والی ترکاریوں میں ● اور زمین کے اوپر اُگنے والی ترکاریوں میں ● رنگ بھریئے۔






○ ○ ○ ○

2۔ ایک پودا جسے سورج کی روشنی اور مٹی حاصل ہوتی ہے، مگر اسے پانی نہیں ملتا۔ اسے کیا ہوگا؟

☐ یہ اچھی طرح اُگے گا۔

☐ یہ سوکھ جائے گا۔

☐ اس میں پھول زیادہ لگیں گے۔

3۔ شازیہ کہتی ہے۔ ''تمام پھولوں میں پنکھڑیوں کی تعداد یکساں ہوتی ہے''۔ کیا یہ صحیح ہے؟

☐ ہاں ☐ نہیں

4۔ تصویر دیکھئے۔ اس حصے پر (✓) نشان لگایئے، جو پودے کی غذا تیار کرتا ہے۔ اس حصے کا نام لکھئے۔



حصے کا نام : _____

5۔ پودے کا کونسا حصہ پھل میں تبدیل ہوگا، اس پر (✓) نشان لگایئے ؟

a) 

b) 

c) 

d) 

6۔ غذا کو اس کے صحیح گروپ سے جوڑیئے۔









پتے

زمین کے نیچے

زمین کے اوپر

پھول

7۔ زبانی سوالات۔

a۔ ایک پودے میں کئی پھول ہوتے ہیں۔ چند دن بعد ان میں کیا ہوگا؟

b۔ آپ کے دوست کہتے ہیں۔ ''پودے صرف باغوں میں اُگتے ہیں''۔ کیا تم اس بات کو مانتے ہو؟ کیوں؟ کیوں نہیں؟

8۔ پراجکٹ

اپنے اطراف واکناف کے پھولوں کا مشاہدہ کیجئے۔ اپنے بڑوں کے ذریعہ مشاہدوں کو درج کیجئے۔

شمار عدد	پھول کا نام	رنگ	پنکھڑیوں کی تعداد	خوشبو ہاں/نہیں	الگ الگ / گچھوں میں
1					
2					
3					
4					
5					

2

سرگرمی کا وقت

جینی کا باغ

ترکاریاں

میرے ترکاریوں اور پھلوں میں باغ میں آپ سب کا خیر مقدم ہے۔ آپ مجھ سے مت ڈریئے۔ میں تمہارا دوست جینی ہوں۔ آیئے ہم سب مل کر گائیں۔





آیئے! آیئے! میرے ساتھ گایئے! اپنے اطراف دیکھئے! تم نے کیا دیکھا

آلو، آلو، زمین کے اندر چھپا ہوا آلو بند گوبھی، اس کے اطراف پتّے

پیاز، پیاز ،اس کے اطراف چھلکے

رس بھرے، رس بھرے، کیا خوب صورت نظارہ ہے

یہی صحت مند غذا ہے، یہ کھانے میں مزے دار ہے

یہ ہمیں طاقت دیتی ہے، سر سے پیر تک خوشی دیتی ہے

آیئے جمع کریں اور ترتیب دیں



ہدایات برائے اساتذہ

استاد جینی کا رول ادا کرے۔ طلباء کو اپنے گھروں سے ترکاریاں لانے کو کہے اور ان کے ذریعہ سرگرمیاں کرے۔

پتہ لگایئے! پتہ لگایئے!





میں تم سے بعض پہیلیاں پوچھوں گا۔ تمہیں ان ترکاریوں کے نام بتانا ہوگا۔

میں نارنجی رنگ کی ترکاری ہوں۔ خرگوش مجھے شوق سے کھاتے ہیں۔ میں کون ہوں؟

میں ایک چمک دار بیگنی رنگ کی ترکاری ہوں۔ میرے سر پر تاج ہے۔ میں کون ہوں؟

میں پیازی یا سفید رنگ کی ترکاری ہوں۔ مجھے کاٹتے وقت تم رونے لگتے ہو۔ میں کون ہوں؟

میں ایک سبز گیند کی طرح دکھائی دیتی ہوں۔ میرے اوپر پتوں کی کئی تہیں پائی جاتی ہیں۔ میں کون ہوں؟

میں سرخ رنگ کی رس دار ترکاری ہوں۔ مجھے مزے دار سلاد اور ساس بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ میں کون ہوں؟

چھوئیے اور الگ کیجئے۔

آیئے ایک کھیل کھیلیں۔ کھیل کا نام ہے، چھوئیے اور الگ کیجئے۔ میں چار دائرے بناتا ہوں، جن کے نام نرم، سخت، ملائم اور کھردرا ہیں۔ چھوئیے، محسوس کیجئے اور ترکاریوں کو مناسب دائروں میں رکھئے۔



کر کے سیکھئے

1۔ غور کیجئے اور ترکاریوں کی صحیح سطح کے مطابق (✓) نشان لگایئے۔



کدّو

- ◯ کھردری
- ◯ ملائم



کریلا

- ◯ سخت اور کھردری
- ◯ نرم اور ملائم



کندا

- ◯ کھردری
- ◯ نرم



ٹماٹر

- ◯ نرم
- ◯ سخت

2۔ ترکاریوں کو ہلکے سے وزنی کی طرف درجہ بندی کیجئے۔ سب سے وزنی ترکاری کو 1 اور سب سے ہلکی ترکاری کو 6 لکھئے۔



3۔ ترکاریوں کو ان کی لمبائی کی مناسبت سے درجہ بندی کیجئے۔ سب سے لمبی ترکاری کو 1 اور سب سے چھوٹی ترکاری کو 6 لکھئے۔



4۔ ترکاریوں کی مدد سے قوس قزح بنانے کی کوشش کیجئے۔



قوس قزح کے رنگوں کی مناسبت سے ہر ایک ترکاری لائیے۔ کن دو رنگوں کے لئے تمہارے پاس ترکاریاں نہیں ہیں۔



ترکاری سے بنا آدمی

مختلف ترکاریوں کی مدد سے اپنی طرف سے انسانی شکل بنائیے۔



صحت مند زندگی بسر کرنے کے لئے ہمیں زیادہ سے زیادہ ترکاریاں کھانا چاہئے۔

جینی نے کہا، ''تم نے بہت زیادہ محنت کی ہے۔ آیئے! ہم ترکاریوں سے سلاد بنائیں اور کھائیں۔ ترکاریوں کا سلاد بہت ہی صحت منداور مقوی ناشتہ ہے۔''

گاجر، بند گوبھی، شلجم، پیاز، ٹماٹر اور ککڑی لیجئے۔

یہ تازہ ترکاریاں، صرف تمہارے لئے
انہیں دھوئیے۔

اوران کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ کر
ایک برتن میں رکھئے۔

ایک لیمو نچوڑئے، کچھ نمک، تھوڑی کالی مرچ چھڑکئے۔

ان سب کو اچھی طرح ملایئے۔

اب مزے دار ترکاریوں کا سلاد تیار ہے۔



ہدایات برائے اساتذہ

بچوں کے ساتھ پھلوں کا سلاد تیار کیجئے۔



1۔ ان ترکاریوں کی شناخت کیجئے جن کو کچا کھایا جاسکتا ہے۔ ان کو جوڑ کر ایک 'U' کی شکل بنائیے۔



2۔ تم کونسی ترکاری کو کچا کھانا پسند کروگے؟

دیکھئے، میرے باغ میں بیگن کی کئی قسمیں ہیں۔





3۔ اسی طرح مرچ کی مختلف قسمیں بتائیے۔ ان کو چھڑا کر رنگ بھریئے۔ (تم اس میں شملہ مرچ بھی شامل کرسکتے ہو)

لال مرچ	ہری مرچ	ہری شملہ مرچ

ہدایات برائے اساتذہ

بچوں کو گھر سے لال مرچ، ہری مرچ اور ہری شملہ مرچ لانے کو کہیں۔

بچوں کو سمجھائیں کہ ایک ہی ترکاری کی مختلف قسمیں ہیں۔

بھاجیاں



آج میں نے پودینہ کی چٹنی کھائی۔ کیا تم جانتے ہو کہ بعض پتے بھی کھائے جاتے ہیں۔ بھاجیاں ہماری غذا کو مزے دار بناتے ہیں اور ہمیں صحت مند بھی رکھتی ہیں۔ آپ کی پسندیدہ بھاجی کونسی ہے؟


کریپاک


ڈٹ کی بھاجی


پودینہ


مونگے کی بھاجی


کتھمیر



ہدایات برائے اساتذہ

کلاس میں بھاجیاں لائیں۔
طلباء کو ان کے نام بتانے کو کہیں۔



1۔ اپنی پسندیدہ بھاجی کی شکل چھڑائیے۔

2۔ نامناسب کو الگ کیجئے۔

a.



b.



c.



اپنے جواب اور اپنے دوست کے جواب کا موازنہ کیجئے۔ اور بات چیت کیجئے۔



ہدایات برائے اساتذہ

طلباء سے دئے گئے جوابات کو سمجھائیے کہ کونسی چیز کیوں مختلف یا نامناسب ہے۔

پھل

چھو کر اور سونگھ کر معلوم کرنا



ہدایات برائے اساتذہ

طلباء کی آنکھ پر دستی باندھ دیں اور ان کے سامنے پھل رکھ دیں۔
طلباء کو چھو کر اور سونگھ کر پھل کے نام بتانے کو کہیں۔

KC9OI

کر کے سیکھئے

1۔ مشاہدہ کیجئے اور نیچے دئے گئے پھلوں کے رنگ، جسامت اور سطح کے مطابق (✓) نشان لگایئے۔

خصوصیات	 تربوز	 انگور	 سیب	 پھنس
رنگ	سبز/سرخ/بیگنی	سبز/سرخ/بیگنی	سبز/سرخ/بیگنی	سبز/سرخ/بیگنی
جسامت	بڑا/اوسط/چھوٹا	بڑا/اوسط/چھوٹا	بڑا/اوسط/چھوٹا	بڑا/اوسط/چھوٹا
سطح	سخت/نرم	سخت/نرم	سخت/نرم	سخت/نرم
	ملائم/کھردرا	ملائم/کھردرا	ملائم/کھردرا	ملائم/کھردرا



ہدایات برائے اساتذہ

طلباء کو یہ بتائیں کہ کون کونسے پھلوں کو چھیلے بغیر چھلکوں کے ساتھ اور کونسے پھلوں کے چھلکے اتار کر کھایا جاتا ہے، کونسے پھلوں کو بیجوں کے ساتھ اور کونسے پھلوں کو بیجوں کے بغیر کھایا جاتا ہے، اور کونسے پھل اندر الگ الگ حصوں میں پائے جاتے ہیں۔

2۔ عدد لکھ کر سوالوں کے جواب دیجئے۔



1 نارنگی



2 آم



3 سپوٹا



4 کیلا



5 سیب



6 انگور



7 جام



8 پھنس

کونسے پھلوں کو ہم چھلکے کے بغیر کھاتے ہیں؟

کونسے پھلوں کو ہم چھلکے کے ساتھ کھاتے ہیں؟

کونسے پھل اندر الگ الگ حصوں میں پائے جاتے ہیں؟

کونسے پھلوں کو ہم بیجوں کے ساتھ کھاتے ہیں؟

3۔ مزے کے مطابق دائروں کے اندر پھلوں کو چھڑائیے۔



کھٹّے	میٹھے اور کھٹّے	میٹھے

ہدایات برائے اساتذہ

آسانی سے ملنے والے پھل لیجیے۔ طلباء کو انہیں چکھنے کے لئے کہئے اور انہیں مزے کے مطابق درجہ بندی کرنے کو کہئے۔

موسمی پھل

مشاہدہ کیجئے اور بات چیت کیجئے

ہم کیوں بعض پھلوں کو صرف سال کے چند دنوں میں دیکھتے ہیں؟









1۔ ان پھلوں میں رنگ بھریئے جنہیں جینی نے بتایا تھا کہ وہ موسم گرما میں آتے ہیں۔



2۔ گرمی کے مہینوں میں ملنے والے پھلوں کے لئے گ اور سردیوں میں ملنے والے پھلوں کے لئے س اور پورے سال میں ملنے والے پھلوں کے لئے پ لکھئے۔



مشاہدہ کیجئے اور بات چیت کیجئے

ایک ہی پھل - مختلف قسمیں

بعض پھلوں کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں۔





نینڈرن



سرخ کیلا

کرپوروئی

ایلکّی



سندورا

بنگن پلّی



بنگلورا

ملغوبہ



اپنے علاقے میں کیلا اور آم کی کون کونسی قسمیں پائی جاتی ہیں؟

کر کے سیکھئے



ایلکّی



سرخ کیلا



نینڈرن



کرپوروئی

1۔ چھڑایئے اور رنگ بھریئے۔

1۔ سب سے لمبا کیلا

2۔ سب سے چھوٹا کیلا

3۔ سرخ رنگ والا کیلا

1

2

3

2۔ مشاہدہ کیجئے، موازنہ کیجئے اور الفاظ کے ذخیرہ کی مدد سے آموں کی قسموں اور جسامت کے بارے میں لکھئے۔

الفاظ کا ذخیرہ :	رنگ : لال، ہرا، سبز جسامت : بڑا ، چھوٹا

نام	 ملغوبہ	 سندورا	 بنگن پلّی
رنگ			
جسامت			

بازار میں موجود پھلوں کی شناخت کیجئے۔

2۔ **پراجکٹ** : اپنے پانچ دوستوں/ خاندانی افراد سے پوچھئے کہ انہیں کونسے پھل پسند ہیں۔ گھر کے بڑے فرد کی مدد سے ان کے نام لکھئے۔ اپنی جدول اور اپنے دوست کی جدول کا موازنہ کیجئے۔



بلیک بورڈ پر ترکاریوں کے نام لکھئے۔

میں سمجھتا ہوں کہ تم نے میرے باغ
میں اچھا وقت گزارا۔ اپنی پسند کی کوئی بھی
ترکاری اور پھل یہاں سے لیجئے۔

تھیلی کے اندر اپنی پسندیدہ پھل اور ترکاری کو چھڑایئے۔





ترکاریاں

پھل

سیکھنے کی جانچ

1۔ اس ترکاری پر (✓) نشان لگایئے، جس میں کئی چھلکے مائے جاتے ہیں۔

a.  b.  c.  d. 

2۔ لال اور رس دار ترکاری کے نقطوں کو ملایئے اور اس میں رنگ بھریئے۔

a.  b.  c.  d. 

3۔ سلاد میں استعمال ہونے والی ترکاریوں پر (✓) نشان لگایئے۔

a.  b.  c.  d. 

4۔ بیگن کی دوسری قسم میں رنگ بھریئے۔

  

5۔ پڑھئے اور پھل کی شناخت کیجئے۔ اسے چھڑایئے۔

یہ ایک پھل ہے۔ اس کا رنگ پیلا ہے۔ اس کی اوسط جسامت ہے۔
یہ چھونے میں نرم ہے اور یہ میٹھا ہے۔

میں نے جو سیکھا

- میں عام ترکاریوں، بھاجیوں اور پھلوں کی شناخت کرسکتا/سکتی ہوں۔
- میں ترکاریوں اور پھلوں کے رنگ، شکل اور جسامت سے ان کا موازنہ کرسکتا/سکتی ہوں۔
- میں ترکاریوں اور پھلوں کی درجہ بندی کرسکتا/سکتی ہوں۔
- مجھے یہ معلوم ہے کہ کونسی ترکاری اور پھل کو کچا یا پکا کر کھایا جاتا ہے۔
- میں صحت منداور پاک وصاف عادتوں پر عمل کرتا ہوں۔

میں کرسکتا ہوں

1۔ پہیلیاں بوجھئے۔ (ٹماٹر، پیاز)

a۔ مجھے کاٹو گے تو تم رونے لگو گے۔ میں کون ہوں؟

b۔ میرا رنگ لال ہے اور میں رس دار ہوں۔ میں کون ہوں؟

2۔ مناسب دائرہ میں رنگ بھریئے۔

a۔  ◯ کھردرا ◯ ملائم

b۔  ◯ کھردرا ◯ ملائم

c۔  ◯ کھردرا ◯ نرم اور ملائم

3۔ پھل کو اس کے مناسب مزے کے ساتھ جوڑیئے۔

a۔  - میٹھا اور کھٹّا

b۔  - کھٹّا

c۔  - میٹھا



4۔ اس پھل کی وضاحت کیجئے۔

a۔ میرا رنگ

◯ جامنی ◯ لال ◯ ہرا

b۔ میری جسامت

◯ چھوٹی ◯ اوسط ◯ بڑی

c۔ میری سطح

◯ ملائم ◯ کھردری ◯ نرم ◯ سخت

میں ..... ہوں۔

5۔ تصویروں کو اس کی صحیح ترتیب میں لکھئے۔ دائروں میں 3,2,1 اور 4 لکھئے۔






6۔ زبانی سوالات۔

a۔ کوئی دو میٹھے پھلوں کے نام بتایئے۔

b۔ کوئی تین چھوٹی ترکاریوں کے نام بتایئے۔

c۔ کوئی دو ترکاریوں کے نام بتایئے جنہیں تم کچا کھاتے ہو۔

d۔ کوئی ایک ہری پتے والی ترکاری (بھاجی) کا نام بتایئے جنہیں تم کھاتے ہو۔

7۔ **پراجکٹ** : اپنے تین دوستوں / رشتہ داروں سے پوچھئے کہ ان کی پسندیدہ ترکاریاں اور پھل کونسی ہیں۔ ان کو چھڑایئے۔

شمار عدد			
ترکاری			
پھل			

سمجھ داری سے حرکت کیجئے! سوچ سمجھ کر کیجئے!

روزانہ پانچ منٹ کی یہ حرکتیں آپ کی توجہ مرکوز کرنے اور آپ کو بہتر تعاون کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں۔
ہر ہفتہ ایک ایک حرکت کیجئے۔

1.



دونوں ہاتھوں کو ایک ساتھ حرکت دیجئے۔
بائیں ہاتھ کو M کی طرح اور دائیں
ہاتھ کو W کی طرح حرکت دیجئے۔

2.





دایاں ہاتھ : اپنی شہادت کی انگلی سے گھڑی کی سمت میں مسلسل ایک دائرہ بناتے رہئے۔

بایاں ہاتھ : اپنی ہتھیلی کو کھڑا کر کے اس کے نچلے کنارے سے اوپر سے نیچے کی طرف مسلسل حرکت دیجئے۔ اس کے بعد ہاتھوں کو تبدیل کیجئے۔

3.







دایاں ہاتھ: اپنی شہادت کی انگلی سے مسلسل دائرہ بناتے رہئے۔ ہر وقت اسے سکون سے حرکت کرتے رہئے۔

مرحلہ 1 : اپنے بائیں ہاتھ کو مٹھی باندھ کر سبز نقطہ پر تھپ تھپائیے۔

مرحلہ 2 : اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی سے نچلے حصہ سے نارنگی نشان پر دبائیے۔

مرحلہ 3 : اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو بیگنی رنگ کے ہاتھ کے نقشے پر رکھئے۔

4.



بلیک بورڈ کے سامنے کھڑے ہو کر دونوں ہاتھوں کو تیار رکھئے۔ دونوں ہاتھوں کو ایک ساتھ ایک ہی وقت میں صف بہ صف حرکت کیجئے۔ ہاتھ کے نشان پر اپنی ہتھیلی کو کھلا رکھئے۔ دائرہ کے نشان پر بورڈ پر ہاتھ سے مٹھی بنا کر رکھئے۔



نمونوں کو مکمل کیجئے۔

دئے گئے رنگوں کے نمونوں سے خاکوں میں رنگ بھریئے۔

























نمونوں کا نقش اتارئے اور مکمل کیجئے۔

























تدریسی سفر

موسمی پھلوں اور ایک ہی قسم کے پھلوں اور ترکاریوں کو جاننا۔

تازہ پھلوں اور ترکاریوں کو کھانے کی اہمیت کو جاننا اور صحت مند غذائی عادتوں کو اپنانا۔

عام ترکاریوں، بھاجیوں اور پھلوں کی شناخت کرنا اور ان کی درجہ بندی کرنا۔

عام پھولوں کو ان کے خواص اور استعمال کی بنیاد پر شناخت کرنا۔

پودوں کے مختلف حصوں سے حاصل ہونے والی غذا کی شناخت کرنا اور ان کا موازنہ کرنا۔

پودوں کے اُگنے کے مقامات کی شناخت کرنا، ان کے حصوں، افعال کو جاننا اور پودوں کی دیکھ بھال کرنا۔



Standard 1 - Mathematics - Term -II - Urdu Medium
Text book Translation Team

Co-ordinator
Dr. T. Jayagandhi,
Senior Lecturer, SCERT, Chennai-6.

Reviewer
Mohamed Jaweed Akram
P.G. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

Translation Team
H. Mohammed Fairooze
B.T. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

H. Abrarul Haq
B.T. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

B. Abdul Haleem
SGT, MMG Pry. School, Dharnampet,
Gudiyattam, Vellore District.

P. K. Nazia Nikhath
SGT, Haji Essa Abba Sait, APS,
Chennai-1.

Art and Design Team
M. Amalraj,
Layout Co-ordinator
B.T. Asst., SCERT, Chennai.

C. Prasanth, Designer

S. Ashok kumar, Designer

Illustration
R. Rajesh
B. Pramoth

Urdu DTP & Layout
TAJ Printers, Vaniyambadi.

Wrapper Design
Kathir Arumugam

Standard 1 – Environmental Science – Term –II – Urdu Medium
Text book Translation Team

Co-ordinator
Dr. T. Jayagandhi,
Senior Lecturer, SCERT, Chennai-6.

Reviewer
H. Mohammed Fairooze
B.T. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

Translation Team
Mohamed Jaweed Akram
P.G. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

H. Abrarul Haq
B.T. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

B. Abdul Haleem
SGT, MMG Pry. School, Dharnampet,
Gudiyattam, Vellore District.

P. K. Nazia Nikhath
SGT, Haji Essa Abba Sait, APS,
Chennai-1.

Art and Design Team
M. Amalraj,
Layout Co-ordinator,
B.T. Asst., SCERT, Chennai.

C. Jerald Wilson
B. Yogesh, Designer
E.J. Karunakaran, Designer

Illustration
M. Gurumani, Art master,
Govt. Model HSS, Arumbakkam, Chennai.
R. Rajesh

Urdu DTP & Layout
TAJ Printers, Vaniyambadi.

Wrapper Design
Kathir Arumugam

This book has been printed on 80 G.S.M.
Elegant Maplitho paper.

Printed by offset at: